کالجوں، یونیورسٹیوں اور مدارس عربیہ
کے طلباء کیلئے یکساں مفید

مکمل عربی متن، اردو ترجمہ، حل تمارین

النحو الواضح

فی قواعد اللغة العربیة

تصنیف
علی الجارم و مصطفیٰ امین

مترجم
محمد امین کھوکھر

مکتبۂ دانیال

علم نحو کے موضوع پر اعلیٰ پایہ کی کتاب

ترجمہ

النحو الواضح

مترجم

محمد امین کھوکھر

ناشر

مکتبہ دانیال

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ سرکلر روڈ چوک اُردو بازار لاہور

غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

ہیلو: 0333-4276640, 042-7660736

www.maktabahdaneyal.com

اَللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی آلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓے اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی آلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓے اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

دُعا

ربِّ رحمٰن و رحیم سے دُعا ہے کہ اس خدمت دین کا اجر و ثواب میرے والدین کریمین رحمہم اللہ کو عطا فرماتے ہوئے ان سے عفو و درگزر کا معاملہ فرما کر اپنی جوارِ رحمت میں مقام عطا فرمائے۔ آمین!

اعتذار

بار بار پروف ریڈنگ کر کے کتاب کو اغلاط سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے تاہم انسان' انسان ہے جو مرکب من الخطاء والنسیان ہے اس لئے قارئین اگر کہیں غلطی ملاحظہ فرمائیں تو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جا سکے۔ اس انتباہ پر ہم آپ کے بے حد احسان مند ہوں گے۔

امین کھوکھر

0333-6130969

انتساب

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے گنبد خضراء
کے سائے تلے گزرے ہوئے
لمحات کے نام!

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجملة المفيدة

جملہ مفیدہ

مثالیں		ترجمہ
١-	البستان جميل	باغ خوبصورت ہے۔
٢-	الشمس طالعة	سورج نکلا ہوا ہے۔
٣-	شم علي وردة	علی نے گلاب کا پھول سونگھا۔
٤-	قطف محمد زهرة	محمد نے پھول توڑا۔
٥-	يعيش السمک في الماء	مچھلی پانی میں رہتی ہے۔
٦-	يكثر النخيل في اقليم مصر	مصر کے علاقہ میں کھجور کے درخت کثرت سے ہوتے ہیں۔

البحث:

اذا تاملنا التركيب الاول وجدناه يتركب من كلمتين احداهما البستان والثانية جميل فاذا اخذنا الكلمة الاولى وحدها وهى البستان لم نفهم الا معنى مفردا لا يكفى للتاخطب وكذلک الحال اذا اخذنا الكلمة الثانية وحدها وهى جميل ولكنا اذا ضممنا احدى الكلمتين الى الاخرى على النحو الذى فى التركيب وقلنا البستان جميل فهمنا معنى كاملا واستفدنا فائدة تامة وهى اتصاف البستان الجمال ولذلک يسمى هذا التركيب جملة مفيدة وكل واحدة من الكلمتين تعد جزء ا من هذه الجملة وهكذا يقال فى الامثلة الباقية

وبهذا نرى ان الكلمة وحدها لا تكفى فى التخاطب وانه لا يد من كلمتين فاكثر حتى يستفيد الانسان فائدة تامة واما نحو: قم اجلس تكلم مما ظاهره انه كلمة واحدة كافية فى التخاطب فليس فى الحقيقة احداهما ملفوظة وهى قم مثلا والاخرى غير ملفوظة وهى انت التى تفهمها السامع من الكلام وان لم ينطق بها.

بحث:

اوپر دی گئی چھ مثالوں میں سے جب ہم پہلی مثال کی ترکیب پر غور کرتے ہیں تو اسے

دو کلموں سے مرکب پاتے ہیں اس کا پہلا کلمہ البستان اور دوسرا کلمہ جمیل ہے ان میں سے ہر ایک کلمہ کو اگر الگ الگ ادا کیا جائے تو اس سے ایک مفرد معنی تو ہماری سمجھ میں آ جائے گا لیکن بولنے والے کا پورا مطلب ظاہر نہ ہو سکے گا لیکن جب ہم ان کو مذکورہ ترکیب کے ساتھ ادا کرتے ہوئے البستان جمیل (باغ خوبصورت ہے) کہیں گے تو اس سے ہمیں پورے معنی سمجھ میں آ جائیں گے اور سننے والے پر مکمل مفہوم واضح ہو جائے گا کہ باغ جمال یعنی خوبصورتی کی صفت سے موصوف ہے اسی لئے ایسی ترکیب (جس سے سننے والے کے سامنے سارا مطلب واضح ہو جائے) کو جملہ مفیدہ کہا جاتا ہے اور جملہ کے اندر کے ہر کلمہ کو اس جملہ کا جز کہتے ہیں اس ایک مثال کو سمجھ لینے کے بعد آپ باقی تمام مثالوں کو سمجھ سکتے ہیں۔

مذکورہ بحث سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اکیلا ایک کلمہ سننے والے تک مطلب پہچانے کے لئے کافی نہیں ہوتا' اس کے لئے دو یا دو سے زیادہ کلمات ذکر کرنے پڑتے ہیں لیکن اگر کوئی سوال کرے کہ قم (اٹھو) اجلس (بیٹھ جاؤ) تکلم (بولو) بھی تو ایک کلمہ ہے اور اس کے ساتھ دوسرا کلمہ ملائے بغیر اس کا مفہوم سمجھ میں آ جاتا ہے؟ تو اسکا جواب یہ ہے کہ یہ الفاظ دراصل ایک کلمہ نہیں ہیں بلکہ دو کلموں سے بنے ہوئے جملے ہیں مثلاً قم (اٹھو) میں ایک کلمہ تو یہی قم ہے جو صاف دکھائی دیتا ہے اور دوسرا کلمہ انت اس میں پوشیدہ ہے جس سے سننے والے پر مفہوم خود بخود واضح ہو جاتا ہے اسی طرح دوسرے بھی دونوں الفاظ کے اندر ایک کلمہ پوشیدہ ہے۔

القواعد:

(۱) التركيب الذی يفيد فائدة تامة يمسى جملة مفيدة' و يسمى ايضا كلاما

(۲) الجملة المفيدة قد تتركب من كلمتين وقد تتركب من اكثر و كل كلمة فيها تعد جزءا منها

ترجمہ:

(۱) جس مرکب سے سننے کو پورا فائدہ پہنچے وہ جملہ کہلاتا ہے اور جملے کو کلام بھی کہتے ہیں۔

(۲) جملہ کبھی دو کلموں سے بنتا ہے اور کبھی زیادہ کلمات سے اور اس کے ہر ایک کلمہ کو جملہ کا جز گنا جاتا ہے۔

التمرين (۱)

اقرا الامثلة السابقة و بين عدد الكلمات فی كل مثال.

حل مشق (۱)

سابقہ مثالوں کو دوبارہ پڑھیں اور گنتی کر کے بتائیں کہ ہر ایک مثال میں کتنے کلمے موجود ہیں؟

جواب:
پہلی دو مثالوں میں دو دو، تیسری اور چوتھی میں تین تین، پانچویں میں چار اور چھٹی میں پانچ کلمات ہیں۔

التمرين (۲)

اقرا الجمل الاتية وبين الكلمات في كل واحدة منها:

حل مشق (۲)

نیچے دیئے گئے جملوں کو پڑھ کر یہ بتائیے کہ ہر ایک جملہ میں کتنے کلمات موجود ہیں؟

۱- السماء ممطرة
۲- الحديقة جملية
۳- ينقطع المطر
۴- يسير الحساب
۵- تطلع الشمس
۶- تجف الارض
۷- الطائر فوق الشجرة
۸- يقطف علي الازهار
۹- يلعب الغلمان بالكرة
۱۰- ينزل المطر من السماء
۱۱- تسير السفن في البحار
۱۲- يشتد البرد فوق الجبال

جواب:
(۱) پہلے چھ جملوں میں دو دو کلمات
(۲) جملہ ۷ اور ۸ میں تین تین کلمات
(۳) جملہ ۹ تا ۱۲ میں چار چار کلمات

التمرين (۳)

ميز الجمل المفيدة في التراكيب الاتية:

حل مشق (۳)

نیچے دی گئی تراکیب میں جملوں کو علیحدہ علیحدہ کر کے لکھیں:

۱- لیس الجو ۲- اکل فرید
۳- القطار سریع ۴- ان اجتهدت
۵- لیت المریض ۶- الثوب نظیف
۷- الکتاب الذی ۸- البنت المتعلمة

جواب:

اکل فرید القطار سریع الثوب نظیف

التمرین (۴)

اجعل کل مثال من الامثلة الاتیة جملة مفیدة یوضع کلمة ملائمة فی المکان الخالی :

حل مشق (۴)

درج ذیل مثالوں میں خالی جگہ پر مناسب لفظ رکھ کر ان کے جملے بنائیے:

۱- العصفور...... القفص ۲- الولد...... الفاکهة
۳- الثور...... الارض ۴- الولد المهذب......
۵- الحذاء الضیق......

حل:

۱- العصفور فی القفص ۲- الولد یاکل الفاکهة
۳- الثور یثیر الارض ۴- الولد المهذب یکرم استاذه
۵- الحذاء الضیق یولم الرجل

التمرین (۵).

(۱) ضع کل کلمة من الکلمات الاتیة فی جملة مفیدة مرکبة من کلمتین

حل مشق (۵)

(۱) نیچے دیئے گئے کلمات میں سے ہرایک کلمہ کو ایسے جملوں میں رکھ دیجئے جو صرف دوکلموں سے مرکب ہوں:

الحديقة-الشجرة-الازهار-الشمس

جواب:

الحديقة جميلة	**الشجرة مثمرة**
الازهار بهية	**الشمس طالعة**

(۲) مندرجہ ذیل کلمات میں سے ہرایک کلمہ کو ایسے جملوں میں رکھ دیجئے جو دو سے زیادہ کلمات سے بنے ہوں:

الماء- الفاكهة- يلعب- يركب

يعيش السمك فى الماء	**الولد ياكل الفاكهة**
هو يلعب بالكرة	**خالد يركب على الحصان**

التمرين (٦)

ايت بثلاث جمل كل واحدة منها مركبة من كلمتين وبثلاث بكل منها ثلاث كلمات ثم بثلاث بكل منها اربع كلمات.

حل مشق (۲)

تین ایسے جملے بنائیں جو دوکلمات پر مشتمل ہوں اور تین ایسے جملے بنائیں جو تین کلمات پر مشتمل ہوں اور تین جملے ایسے بنائیں جو چارکلمات پر مشتمل ہوں۔

دوکلمات پر مشتمل جملے

۱- **اکل زید** ۲- **شرب حامد**

۳- **الثوب نظیف**

تین کلمات پر مشتمل جملے

۱- **الولد الذكى يكرم والديه** ۲- **يلعب الغلمان بالكرة**

۳- **تسير السفن فى البحار**

اجزاء الجملة

جملہ کے اجزاء

١-	ركب ابراهيم الحصان	ابراہیم گھوڑے پر سوار ہوا
٢-	يداعب اسماعيل القط	اسمٰعیل بلی سے کھیلتا ہے
٣-	يحصد الفلاح القمح	کسان گندم کاٹتا ہے
٤-	تاكل الشاة فولا و شعيرا	بکری لوبیا اور جو کھاتی ہے
٥-	سمعت النصيحة	میں نے نصیحت سنی
٦-	يسطع النور فی الحجرة	کمرہ میں روشنی پھیل جاتی ہے
٧-	تجری السفينة علی الماء	کشتی پانی پر چلتی ہے
٨-	هل تحب السفر؟	کیا تم سفر کو پسند کرتے ہو؟

البحث:

عرفنا فيما مضى ان الجملة المفيدة تتركب من اجزاء هی الكلمات ونريد ان نعرف فی هذا الدرس انواع الكلمات فنقول:

اذا بحثنا فی الجمل التی معنا وجدنا ان الكلمات ابراهيم' واسماعيل' والفلاح' الفاظ تسمى بها اشخاص وان الكلمات: الحصان' والقط' والشاة' الفاظ تسمى بها انواع من الحيوان وان القمح' والفول' والشعير' الفاظ تسمى بها انواع من النبات وان الحجرة' والسفينة' والماء الفاظ تسمى بها انواع من الجماد. وان النصيحة' والنور' والسفر' الفاظ تسمى بها انواع اخرى من المعانی' ولذلك تسمى كل كلمة من هذه الكلمات اسماء' وكذلك كل كلمة يسمى بها انسان او حيوان' او نبات' او جماد' او ای شيئی آخر.

نعود للجمل مرة ثانية فنجد ان كل كلمة من الكلمات: ركب' يداعب' ويحصد' وتاكل' تدل على حصول فعل فی زمن خاص فلفظ ركب مثلاً يدل على الركوب فی الزمن الماضی' ويداعب يدل على المداعبة فی الزمن الحاضر او الاتی' وهلم جزا ولذلك تسمى كل كلمة من هذا النوع فعلا.

وعندتامل الجمل الثلاث الاخيرة نجد ان الكلمات: فی'وعلی' وهل' اذا نطق بكل منها وحدة لم يفهم له معنى كامل واذا نطق بكل منها فی جملته ظهر معناه كاملا وتسمى كل كلمة من هذه الكلمات الثلاث حرفا وكذلك كل الكلمات

التی من هذا النوع.

بحث:

گزشتہ سبق میں ہم پڑھ چکے ہیں کہ جملہ مفیدہ چند اجزاء سے ترکیب پاتا ہے اور ان اجزائے جملہ کو کلمات کہا جاتا ہے اب ہم اس سبق کی مختلف اقسام کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

اوپر دیئے گئے جملوں کے کلمات پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ **ابراهيم**' **اسماعيل** اور **الفلاح** ایسے کلمات ہیں جو اشخاص کے نام ہیں۔

الحصان' **القط** اور **الشاة** ایسے کلمات ہیں جو جانوروں کی مختلف اقسام کے نام ہیں۔

القمح' **الفول** اور **الشعير** ایسے کلمات ہیں جو مختلف نباتات کے نام ہیں۔

السفينة' **الحجرة** اور **الماء** ایسے کلمات ہیں جو جمادات کی مختلف اقسام کے نام ہیں۔

النصيحة' **النور** اور **السفر** ایسے کلمات ہیں جو مختلف دوسری چیزوں کے نام ہیں۔

یاد رہے کہ اس قسم کے تمام کلمات کو اسم کہا جاتا ہے چنانچہ مذکورہ بحث سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ ہر وہ کلمہ جو کسی انسان یا جانور یا نبات یا جماد یا کسی اور چیز کا نام ہو وہ اسم کہلاتا ہے۔

اب ذرا اوپر کے جملوں پر دوبارہ غور کریں ان میں **ركب**' **يداعب**' **يحصد** اور **تاكل** ایسے کلمات ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ فلاں کام ایک خاص زمانے میں واقع ہوا مثلاً **ركب** سے پتہ چلتا ہے کہ سواری کا فعل گزرے ہوئے زمانہ (ماضی) میں واقع ہوا ہے۔ **يداعب** سے معلوم ہوتا ہے کہ کھیل کود موجودہ زمانہ (حال) میں واقع ہو رہا ہے یا آنے والے زمانہ (مستقبل) میں واقع ہوگا اسی لئے اس قسم کے کلمات (جن میں کسی کام کا ایک خاص زمانے میں کرنا ہونا پایا جائے) کو فعل کہا جاتا ہے۔

اب آخر میں اگر ہم مذکورہ جملوں میں سے صرف آخری تین جملوں میں استعمال ہونے والے کلمات **في**' **على** **هل** پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ اگر ان میں سے کسی کا بھی تنہا ذکر کیا جائے تو اس کا کچھ مطلب سمجھ میں نہیں آتا البتہ ان کو اگر جملوں میں مناسب مقام پر رکھ دیا جائے تو ان کے معنی صاف سمجھ میں آجاتے ہیں اس قسم کے کلمہ کو حرف کہا جاتا ہے۔

القاعدة:

(۳) **الكلمة ثلاثة انواع: اسم' وفعل' و حرف**

(الف) فالاسم: کل لفظ یسمی به إنسان او حیوان، او نبات، او جماد او ای شیء آخر.

(ب) والفعل: کل لفظ یدل علی حصول عمل فی زمن خاص.

(ج) والحرف: کل لفظ لا یظهر معناه کاملا إلا مع غیره.

ترجمہ:

(۳) کلمہ کی تین اقسام ہیں: اسم، فعل، حرف

(الف) اسم وہ لفظ ہے جو انسان، حیوان، نبات، جماد یا کسی دوسری چیز کا نام ہو۔

(ب) فعل وہ لفظ ہے جو کسی کام کا ایک خاص زمانے میں واقع ہونا بتائے۔

(ج) حرف وہ لفظ ہے جو دوسرے لفظوں کے ساتھ ملے بغیر اپنے معنی پوری طرح نہ دے سکے۔

التمرین (۱)

اقرا الجمل الاٰتیة وبین الاسماء التی تدل علی اشخاص، والتی تدل علی حیوان، والتی تدل علی نبات، والتی تدل علی جماد

حل مشق (۱)

۱- فرید یجری فی الشارع

۲- علی یرکب الحمار

۳- الکلب ینام فی البستان

۴- افترس الذئب کبشا

۵- یحب الولد البرتقال

۶- یحترق الحطب

۷- یتسلق الغلمان

۸- یسبح الاولاد فی البحر

۹- البستانی یجمع الازهار

۱۰- الثعلب یاکل الدجاج

۱۱- المداد فی الدواة

۱۲- الحدید یذوب فی النار

حل:

اشخاص	حیوانات	نباتات	جمادات
فرید	الحمار	البستان	الشارع
الولد	الکلب	البرتقال	الحطب
علی	الذئب	الازهار	الجبل
البستانی	کبشا		البحر

الغلمان	الثعلب	المداد
الاولاد	الدجاج	الدواة
		الحديد
		النار

التمرين (۲)

اقرا الجمل الاتية وميز الاسماء والافعال والحروف:

حل مشق (۲)

درج ذیل جملے پڑھیں اور اسماء' افعال اور حروف الگ کریں۔

۱- یفتح محمد الباب
۲- یشتری التاجر القطن
۳- یزرع الفلاح القصب
۴- یقرا سعید الکتاب
۵- یدخل الهواء فی الحجرة
٦- الثمر یتساقط علی الارض
۷- الثور یحرث الارض
۸- تصنع الاحذیة من الجلد
۹- العصفور یغرد علی الشجرة
۱۰- یذهب العمال الی المصنع

حل:

اسماء	افعال	حروف
محمد	یفتح	فی
الباب	یشتری	علی
التاجر	یزرع	من
القطن	یقراء	الی
الفلاح	یتساقط	
القصب	یحرث	
سعید	تصنع	
الکتاب	یغرد	
الهواء	یذهب	
الحجرة		
الثمر		

اسماء

الارض

الثور

الحذية

الجلد

العصفور

الشجرة

العمال

المصنع

التمرين (٣)

(١) ایت بخمس جمل مبدء و ة باسماء تدل علی اشخاص

(٢) ایت بخمس جمل تنتھی کل واحدة منھا باسم یدل علی حیوان

(٣) ایت بخمس جمل تبتدی کل واحدة منھا باسم یدل علی حیوان

(٤) ایت بخمس جمل تنتھی کل واحدة منھا باسم یدل علی نبات

حل مشق (٣)

(١) پانچ ایسے جملے لکھئے جو اشخاص کے نام سے شروع ہوں۔

(٢) پانچ ایسے جملے لکھئے جو کسی حیوان کے نام پر ختم ہوں۔

(٣) پانچ ایسے جملے لکھئے جو کسی حیوان کے نام سے شروع ہوں۔

(٤) پانچ ایسے جملے لکھئے جو کسی نبات کے نام پر ختم ہوں۔

حل (١):

١- محمد ﷺ رسول اللہ

٢- ابوبکرؓ کان ینفق مالہ فی سبیل اللہ

٣- عمرؓ کان یکفر باالطاغوت

٤- عثمانؓ کان یامر بالمعروف وینھی عن المنکر

٥- علی کان یصبر فی الباساء والضراء وحین باس

حل(۲):

۱- ان انکر الاصوات لصوت الحمیر

۲- اشد الحیوانات تملقا ھی الھرة

۳- الم ترک کیف فعل ربک باصحاب الفیل

۴- اکثر الحیوانات ودا للانسان ھو الکلب

۵- اکثر الحیوانات صبرا ھوا الجمل

حل (۳):

۱- الکلب ینام فی البستان

۲- الثور یثیر الارض ویسقی الحرث

۳- الثعلب یاکل الدجاج

۴- الخیل واللیل والبیداء تعرفنی

۵- الاسد اکثر حیوانات الغاب عمرا

حل(۴):

۱- الولد یحب البرتقال

۲- یحصد الفلاح القمح

۳- تاکل الشاة فولا

۴- اشتریت من السوق نصف کیلو من البصل

۵- ھل اشتریت من السوق بطیخا

التمرین (۴)

(۱) ایت بخمس جمل یبتدی کل منھا بفعل

(۲) ایت بخمس جمل یتوسط کلا منھا فعل

(۳) ایت بخمس جمل یبتدی کل منھا بحرف

(۴) ایت بخمس جمل یتوسط کلا منھا حرف

حل مشق (۴)

(۱) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے شروع میں فعل آتا ہو۔

(۲) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے درمیان میں فعل آتا ہو۔
(۳) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے شروع میں حرف آتا ہو۔
(۴) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے درمیان میں حرف آتا ہو۔

حل (۱):

۱- شربت ماء باردا
۲- غسلنا ایدیھما بالماء
۳- حصد الفلاح الزرع
۴- جلس المجرم امام القاضی
۵- اکل اسماعیل الخبز

حل (۲):

۱- الملک العادل یامر بالمعروف
۲- التلمیذ العاقل یکرم استاذہ
۳- الاب الصالح یامر اولادہ بالصلوۃ
۴- المومن ینفق مالہ سرا و علانیۃ
۵- المسلمون یصومون شھر رمضان

حل (۳):

۱- علی الطاولۃ کتاب
۲- فی المدرسۃ استاذ
۳- علی الشجرۃ عصفور
۴- فی سبیلہ جھاد
۵- واللہ اضرب زیدا

حل (۴):

۱- تسیر السفن فی البحار
۲- یقطف علی الازھار
۳- ینزل المطر من السماء
۴- یلعب الغلمان بالکرۃ
۵- یسطع النور فی الحجرۃ

التمرین (۵)

(۱) ایت بخمس جمل کل واحدۃ منھا مرکبۃ من اسمین لیس غیر
(۲) ایت بخمس جمل کل واحدۃ منھا مرکبۃ من اسم و فعل لیس غیر
(۳) ایت بخمس جمل کل واحدۃ منھا مرکبۃ من اسم و فعل و حرف

حل مشق (۵)

(۱) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک صرف دو اسموں سے بنا ہو۔
(۲) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک ایک اسم اور ایک فعل سے بنا ہو۔
(۳) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک ایک اسم' ایک فعل اور ایک حرف سے بنا ہو۔

حل(۱):

۱- الشمس طالعة
۲- البستان جميل
۳- الساعة قريب
۴- الاخرة باقية
۵- الحق مر

حل (۲):

۱- الولد يلعب
۲- الكافر يكذب
۳- الانسان يموت
۴- العامل يتعب
۵- الطفل يبكى

حل (۳):

۱- اذهب الى السوق
۲- انظر الى السماء
۳- اكتب بالقلم
۴- اجلس على الكرسى
۵- سلم على الاستاذ

التمرين (٦)

(۱) الجمل الاتية يحتاج كل منها الى اسم فضع الاسم المناسب فى المكان الخالى:
(۲) الجمل الاتية يحتاج كل منها الى فعل' فضع الفعل المناسب فى المكان الخالى:
(۳) الجمل الاتية يحتاج كل منها الى حرف فضع الحرف المناسب فى المكان الخالى:

حل مشق (۶)

(۱) درج ذیل فقروں میں خالی جگہ پر مناسب اسم رکھ کر جملے پورے کریں۔

۱-	العصفور مسجون فی	۲-	یقرا محمد .....
۳-	الحصان یجر	۴-	الفارة تخاف من .....
۵-	تبیض	۶-	یطیع ..... اباه
۷-	یشتد ..... فی الصیف	۸-	یسبح السمک فی ....

حل:

۱-	القفص	۲-	الصحیفة
۳-	العربة	۴-	الهرة
۵-	الدجاجة	۶-	خالد
۷-	الحر	۸-	الماء

(۲) مندرجہ ذیل فقرات میں خالی جگہ پر مناسب فعل لگا کر جملوں کو مکمل کیجئے۔

۱-	الحصان .....الشعیر	۲-	الثور.....العجلة
۳-	.....محمود الغصن	۴-	الطبیب.....المریض
۵-	المریض.....الشفاء	۶-	الولد.....بالکرة
۷-	.....النجار بابا	۸-	الخادم.....النافذة

حل:

۱-	یاکل	۲-	یجر
۳-	کسر	۴-	یداوی
۵-	یطلب	۶-	یلعب
۷-	صنع	۸-	یفتح

(۳) مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ پر مناسب حرف رکھ کر جملوں کو مکمل کیجئے۔

۱-	یسبح الغلام.....النهر	۲-	یذهب التلمیذ.....المدرسة
۳-	قطعت الحبل.....السکین	۴-	یعود الغریب.....بلده
۵-	نام الطفل.....السریر	۶-	یرضی المعلم....التلمیذ المودب

حل:

۱- فی　　۲- الی

۳- ب　　۴- الی

۵- علی　　۶- عن

التمرین (۷)

(۱) کون خمس جمل بحث تکون کل جملة منها مرکبة من اسمین

(۲) کون خمس جمل بحث تکون کل جملة منها مرکبة من و فعل

(۳) کون خمس جمل تشتمل کل جملة منها علی الانواع الثلاثة للکلمة

حل مشق (۷)

(۱) پانچ ایسے جملے بنایئے جو صرف دو دو اسموں سے مرکب ہوں۔

(۲) پانچ ایسے جملے بنایئے جو دو دو اسموں اور ایک ایک فعل سے مرکب ہوں۔

(۳) پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں سے ہر ایک میں اسم فعل اور حرف تینوں آ جائیں۔

حل (۱):

۱- الشمس طالعة　　۲- الارض واسعة

۳- الولد صالح　　۴- البنت صالحة

۵- الخادم امین

حل (۲):

۱- الفلاح یحصد　　۲- اللص سرق المال القمح

۳- السراج یضئی البیت　　۴- الشرطی حبس اللص

۵- الحصان یجر العربة

حل (۳):

۱- لاتقم علی قبره　　۲- اجتهد فی العمل

۳- هم ینفقون فی سبیل الله　　۴- لا تشرک بالله سبیل الله

۵- نام الطفل علی السریر

الفعل الماضی

زمانہ کے لحاظ سے فعل کی تقسیم

	الامثلة	ترجمہ
(۱)	جری الکلب	کتا دوڑا
(۲)	وقف الرجل	آدمی ٹھہرا
(۳)	ضاع الکتاب	کتاب ضائع ہوئی
(۴)	دقت الساعة	گھنٹی بجی
(۵)	جاء ت البنت	لڑکی آئی
(٦)	باضت الدجاجة	مرغی نے انڈا دیا

البحث:

تامل الکلمات الاولی فی الامثلة السابقة تجدها افعالا لان کلا منها یدل علی حصول عمل فی زمن خاص واذا تدبرت هذا الزمن فی کل منها وجدته زمنا ماضیا فکلمة جری فی المثال الاول تدل علی الجری فی الزمن الذی مضی قبل التکلم وکلمة وقف فی المثال الثانی تدل علی الوقوف فی الزمن الذی مضی قبل التکلم ایضا وهلم جرا ولذالک تسمی کل کلمة من الکلمات فعلا ماضیا وکذلک جمیع الکلمات التی من هذا النوع.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں کے پہلے کلمات پر غور کرنے سے آپ کو معلوم ہوجائے گا کہ یہ سب افعال ہیں کیونکہ ہر کلمہ کسی کام کا ایک خاص زمانہ میں واقع ہونا ظاہر کر رہا ہے اب اگر انہی الفاظ پر مزید غور کریں تو یہ حقیقت واضح ہوجائے گی کہ جو کام بھی ہوا ہے وہ گزرے ہوئے زمانہ میں ہوا ہے مثلاً لفظ جری (دوڑا) بتاتا ہے کہ دوڑنے کا کام اس جملے کے کہنے سے پہلے ہوچکا ہے اسی طرح دوسرے جملے میں لفظ وقف (ٹھرا) بتاتا ہے کہ آدمی اس جملے کے کہنے سے پہلے ٹھہر چکا ہے یہی حال باقی فقروں کا ہے اسی لئے ان کلمات میں سے ہرایک کلمہ فعل ماضی کہلاتا ہے اور جہاں جہاں ایسے افعال ملیں وہ سب کے سب فعل ماضی کہلائیں گے۔

القاعدة:

(۴) **الفعل الماضی هو کل فعل یدل علی حصول عمل فی الزمن الماضی.**

ترجمہ:

(۴) ہر وہ فعل جو بتائے کہ کام گزرے ہوئے زمانہ میں ہو چکا ہے' وہ فعل ماضی ہے۔

الفعل المضارع

	الامثلة	ترجمہ
(۱)	اغسل يدى	میں اپنا ہاتھ دھوتا ہوں یا دھوؤں گا۔
(۲)	البس ثيابى	میں اپنے کپڑے پہنتا ہوں یا پہنوں گا۔
(۳)	نلعب بالكرة	ہم گیند سے کھیلتے ہیں یا کھیلیں گے۔
(۴)	نمشى فى الحقول	ہم کھیتوں میں چلتے ہیں یا چلیں گے۔
(۵)	ينبح الكلب	کتا بھونکتا ہے یا بھونکے گا۔
(۶)	ينتبه الحارس	گارڈ انتباہ کر رہا ہے یا کرے گا۔
(۷)	تاكل البنت	لڑکی کھا رہی ہے یا کھائے گی۔
(۸)	تذبل الوردة	گلاب کا پھول مرجھا رہا ہے یا مرجھا جائے گا۔

البحث:

الكلمات الاولى فى الأمثلة السابقة كلها افعال' لان كلا منها يدل على عمل فى زمن خاص واذا تدبرت هذا الزمن الخاص فى كل منها وجدته اما حاضرا واما مستقبلا فالفعل اغسل يدل على حصول الغسل فى الزمن الحاضر او المستقبل' والفعل' البس يدل على حصول اللبس فى الزمن الحاضر او المستقبل ويسمى كل فعل من هذا النوع فعلا مضارعا.

واذا نظرت الى الحرف الاول فى كل فعل من هذه الافعال واشباهها وجدته همزة او نونا او ياء او تاء وتسمى هذه الاحرف الاربعة احرف المضارعة.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں میں جو کلمات جملوں کے آغاز میں آئے ہیں وہ سب کے سب افعال کہلاتے ہیں اس لئے کہ ہر کلمہ ہمیں بتاتا ہے کہ کام ایک خاص زمانے میں واقع ہوا ہے مزید غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ہرایک کا زمانہ حال کا ہے یا مستقبل کا مثلاً اغسل (میں دھوتا ہوں) یا دھوؤں گا بتاتا ہے کہ دھونے کا کام یا تو فی الحال ہورہا ہے یا مستقبل میں ہوگا۔ اسی طرح البس (میں پہنتا ہوں یا پہنوں گا) بتاتا ہے کہ پہننے کا کام زمانہ حال میں ہورہا ہے یا آئندہ زمانے میں ہوگا۔ اس طرح کے تمام افعال کو فعل مضارع کہتے

ہیں۔

جب آپ ان افعال کے پہلے حروف پر غور کریں تو آپ کو ہر فعل کا پہلا حرف ہمزۃ (یاء)' ن (نون)' ت (تاء) میں سے ایک حروف ضرور ملے گا ان چاروں کو "حروف مضارعۃ" کہتے ہیں۔ (اس مجموعہ کو اتین بھی کہتے ہیں)۔

القاعدة:

(۵) الفعل المضارع هو كل فعل يدل على حصول عمل فى الزمن الحاضر او المستقبل ولا بدا يكون مبدوا بحرف من احرف المضارعة وهى الهمزة والنون والياء والتاء

ترجمہ:

(۵) فعل مضارع وہ فعل ہے جو ہمیں بتائے کہ کام حال کے زمانہ میں ہو رہا ہے یا آنے والے وقت میں ہونے والا ہے اور یہ ضروری ہے کہ اس کے شروع میں حروف مضارعة میں سے کوئی ایک حرف آیا ہو یہ حروف ہمزہ' نون' یاء اور تاء ہیں۔

فعل الامر

	الامثلة	ترجمہ
(۱)	العب بالكرة	گیند کے ساتھ کھیل
(۲)	اطعم قطك	اپنے بلے کو کھانا کھلا
(۳)	نظف ثيابك	اپنے کپڑے صاف کر
(۴)	نم مبكرا	جلدی سو جاؤ
(۵)	تمهل فى السير	آہستہ چلو
(٦)	اجد مضغ الطعام	کھانے کو خوب چبایئے

البحث:

الكلمات اولى فى المثلة المتقدمة افعال' لان كلا منها يدل على حصول عمل فى زمن خاص.

واذا تدبرنا هذه الافعال' وجدنا المتكلم فى كل منها يطلب من المخاطب ويامره ان ياتى عملا فى الزمن المستقبل ومن اجل ذلك يسمى كل فعل من هذه الافعال فعل امر فالفعل العب فى المثال اولا يطلب به من المخاطب اتيان اللعب فى الزمن المستقبل وهو لذلك فعل امر بالفعل اطعم فى المثال الثانى يطلب به من

الخاطب حصول الاطعام فی الزمن المستقبل وهو لذلک فعل امر ایضا وهکذا یقال فی بقیة الافعال السابقة.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں میں سے ہرایک میں پہلا کلمہ فعل کہلاتا ہے اس لئے کہ ہرایک میں کوئی نہ کوئی کام ایک خاص زمانے میں واقع ہوا ہے۔

اب اگر ہم ان افعال پر غور کریں تو معلوم ہوجائے گا کہ ان کے ذریعہ بولنے والا اپنے مخاطب سے ایک مطالبہ کرتا ہے اور آئندہ زمانہ میں اسے ایک کام کرنے کا حکم دیتا ہے ایسے فعل کو "فعل امر" کہتے ہیں۔

مثلاً پہلی مثال میں لفظ العب (تو کھیل) آیا ہے اس میں متکلم اپنے مخاطب سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ آنے والے زمانہ میں کھیلے اسی لئے یہ کلمہ فعل امر ہے اسی طرح دوسرے جملہ میں اطعم (کھلاؤ) میں مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ کھلانے کا کام آئندہ زمانہ میں کرے اس لئے یہ بھی فعل امر ہے اسی طرح باقی مثالیں سمجھ لیجئے۔

القاعدة:

(٦) فعل الامر هو كل فعل يطلب به حصول شی ء فی الزمن المستقبل.

ترجمہ:

(٦) فعل امر وہ فعل ہے جس کے ذریعے آئندہ زمانے میں کسی کام کو سرانجام دینے کا مطالبہ کیا گیا ہو۔

التمرين (١)

اقرا العبارات الاتية وميز الافعال الماضية والافعال المضارعة وافعال الامر.

حل مشق (٢)

نیچے دی گئی عبارات کو پڑھیں اور افعال ماضی' مضارع اور امر کو الگ الگ بیان کریں۔

(١) جنى الفلاح قطنه وباعه ثم اشترى ببعض ثمنه ما يحتاج اليه

(٢) نظر الطفل الى الطائر وهو يحلق فى السماء فاحب ان يطير مثله

(٣) هبت العواصف ليلا فاطفات المصابيح واقتلعت بعض الاشجار

(٤) سطا الذئب على الغنم فافترس واحدة وفرها ربا

(۵) ادخل البستان ومتع نفسک بمنظره ولا تعبث بارهاره وثماره

(٦) لاتکثر من الکلام ولا تنطق بمالا تعلم

(٧) اغسل یدیک قبل الکل وبعده ونظف اسنانک ولا تدخل الطعام علی الطعام

حل:

فعل ماضی	فعل مضارع	فعل امر	فعل نہی
جنی	یحتاج	ادخل	لاتکثر
باع	یحلق	متع	لاتنطق
اشتری	یطیر	اغسل	لاتعلم
نظر		نظف	لاتدخل
احب			
هبت			
اطفات			
اقتلعت			
سطا			
افترس			
فر			

التمرین (٢)

(١) ضع قبل کل اسم من الاسماء الاتیة اوبعده فعلا ماضیا یلائمه:

حل مشق (٢)

(۱) نیچے دیئے گئے اسموں سے پہلے یا بعد میں موزوں فعل ماضی لگا دیجئے۔

الغصن	الزجاج	القلم	الشمس
القطار	البحر	الثمر	المصباح

حل:

انعطف الغصن	انکسر الزجاج	جف القلم
طلعت الشمس	جری القطار	فاض البحر

نضح الثمر　　　اتقدالمصباح

(۲) ضع قبل کل اسم من الاسماء الاتیة او بعده فعلا مضارعا یلائمه:

(۲) نیچے دیئے گئے اسموں میں سے ہر اسم سے پہلے یا بعد میں مناسب فعل مضارع لگا دیجئے:

الریح	الغبار	الهلال	الاناء
المصباح	النهر	السفینة	القلم

حل:

الریح تجری	یثور الغبار	یطلع الهلال
یمتلی الاناء	یتقد المصباح	یفیض النهر
تجری السفینة	یکتب القلم	

التمرین (۳)

(۱) ضع فعلا مضارعا فی المکان الخالی ما یاتی:

حل مشق (۳)

(۱) نیچے خالی جگہ پر مناسب فعل مضارع لکھ دیجئے:

۱- الفارة ..... من القط　　۲- الکلب .....وراء صاحبه

۳- الدجاجة .....کل یوم بیضة　　۴- الام .....اولادها

حل:

۱- تخاف　　۲- یمشی

۳- تبیض　　۴- تحب

(۲) ضع فعلا ماضیا فی المکان الخالی مما یاتی:

(۲) نیچے خالی جگہ پر مناسب فعل ماضی لکھ دیجئے:

۱- الولد ..... الجلوس　　۲- الرجل .....فی النهر

۳- الخادم .....الحجرة　　۴- علی .....الی فرنسا

حل:

۱- اطال　　۲- سبح

۳- نظف ۴- سافر

التمرین (۴)

(۱) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مبدوءة بفعل ماضی
(۲) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مبدوءة بفعل مضارع
(۳) ایت بخمس جمل فی کل واحدة منها فعل امر

حل مشق (۴)

(۱) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک جملہ فعل ماضی سے شروع ہو۔
(۲) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک جملہ فعل مضارع سے شروع ہو۔
(۳) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک جملہ میں فعل امر آیا ہو۔

حل (۱):

۱- ذهب خالی الی السوق ۲- شرب حامد ماء باردا
۳- نصر زید اخاه ۴- قدم الخادم الی بلاده
۵- عالج الطبیب المریض

حل (۲)

۱- یستقیظ من النوم ۲- اذهب الی السوق مبکرا
۳- یعالج الطبیب ۴- اشرب الشای المریض
۵- اغسل یدی بالماء

حل (۳)

۱- انظر الی ما قال ولاتنظر الی من قال ۲- اعدلوا هو اقرب للتقوی
۳- احسن کما احسن ۴- اشربو ولا تسرفوا الله علیک
۵- انصر اخاک

التمرین (۵)

ایت باربع جمل بکل منها فعل مضارع بحیث تکون احرف المضارعة فی الافعال الاربعة مختلفة.

حل مشق (۵)

چار ایسے جملے بنائیں جن میں فعل مضارع ہوں اور چاروں میں حروف مضارعۃ الگ الگ آئیں:

۱- اذهب الی المدرسة ۲- هی تنظف اسنانها

۳- الولد یکرم استاذه ۴- انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحافظون؟

التمرین (۶)

(الف) اکتب الجمل الاتیة بعد تغییر کل فعل ماضی فیها بفعل مضارع:

(ب) اکتب الجمل الاتیة بعد تغییر کل فعل مضارع بفعل ماضی:

(ج) حول المضارع فی الجمل الاتیة الی فعل امر، واضبط الامر بالشکل:

حل مشق (۶)

(الف) نیچے دیئے گئے جملوں میں فعل ماضی کو فعل مضارع میں تبدیل کر کے لکھئے:

۱- سار القطار ۲- طار الصقر

۳- سافر والدی ۴- مرض الغلام

۵- نزل المطر ۶- عطش الزرع

حل:

۱- یسیر القطار ۲- یطیر الصقر

۳- یسافر والدی ۴- یمرض الغلام

۵- ینزل المطر ۶- یعطش الزرع

(ب) ان جملوں میں فعل مضارع کو فعل ماضی میں تبدیل کر کے لکھئے:

۱- یغرد العصفور ۲- یثمر البستان

۳- یبیع التاجر اللبن ۴- یغسل الولد یدیه

۵- تنظف البنت ثیابها ۶- یجنی الفلاح القطن

حل:

۱- غرد العصفور ۲- اثمر البستان

۳- باع التاجر البن ۴- نظفت البنت ثیابها

۵- غسل الولد یدیه ۶- جنی الفلاح القطن

(ج) مندرجہ ذیل جملوں میں فعل مضارع کو فعل امر میں تبدیل کیجئے اور فعل امر پر اعراب بھی لگا دیجئے:

۱- احترم المعلم ۲- احفظ الدرس

۳- انظف الحذاء ۴- اقرافی الکتاب

۵- اشتغل فی الحدیقة ۶- انطلق بالصدق

حل:

۱- احترم المعلم ۲- احفظ الدرس

۳- نظف الحذاء ۴- اقرأ فی الکتاب

۵- اشتغل فی الحدیقة ۶- انطق بالصدق

التمرین (۷)

(۱) ضع کل فعل من الافعال الاتیة فی جملة مفیدة مرکبة من ثلاث کلمات فاکثر:

(۲) هات خمس جمل فی موضوع الاسد تبتدی کل جملة منها بفعل ماضی:

(۳) هات خمس جمل فی موضوع النهر تبتدی کل جملة منها بفعل مضارع:

(۴) هات خمس جمل تامر فیها تلمیذا بخمسة اعمال ترتبط بالمدرسة:

حل مشق (۷)

(۱) مندرجہ ذیل افعال کو ایسے جملوں میں استعمال کیجئے جو تین یا تین سے زیادہ کلمات سے مرکب ہوں:

خرج یلبس تستخرج تغسل استراح

حل:

۱- خرج حامد من السوق ۲- یلبس الناس یوم العید اثوابا جدیدة

۳- المضخة تستخرج الماء من الارض ۴- البنت تغسل یدها بالصابون

۵- استراح العامل بعد ما جاء من المصنع

(۲) الاسد کے عنوان پر پانچ جملے لکھئے ہرایک جملہ فعل ماضی سے شروع ہو:

۱- خرج الاسد واحدا من الغزال
۲- خرج الاسد من عرينته جائعا
۳- اصطادا الاسد يوما شاة
۴- شرب الاسد ماء باردا
۵- رجع الاسد الى عرينته مسرورا

(۳) النهر کے موضوع پر پانچ جملے لکھئے ہر جملہ فعل مضارع سے شروع کیجئے:

۱- يسبح الناس كل مساء من ايام الصيف فى النهر
۲- يفيض ماء النهر فى موسم الربيع .
۳- يقل ماء النهر فى الشتاء
۴- يصيد الناس من النهر السمك
۵- تجرى السفن فى النهر

(۴) پانچ ایسے جملے لکھئے جن میں سے ہر جملہ میں طالب علم کو مدرسہ کے متعلق کسی کام کا حکم دیا گیا ہو:

۱- اذهب الى المدرسة
۲- استمع خطبة الاستاذ
۳- اسئل من الاستاذ مالا تعلم
۴- لاترفع صوتك فى الفصل
۵- ضع الكتاب امامك

الفاعل

فاعل

الامثلة	ترجمہ
۱- طار العصفور	چڑیا اڑی
۲- جرى الحصان	گھوڑا دوڑا
۳- لعب الولد	لڑکا کھیلا
۴- يعوم السمك	مچھلی تیرتی ہے
۵- يلسع البعوض	مچھر ڈنگ مارتے ہیں
۶- تاكل البنت	لڑکی کھاتی ہے

البحث:

الامثلة السابقة كلها جمل وكل جملة منها تتكون من فعل واسم واذا بحثنا في الامثلة الثلاثة الاولى نرى ان الذى طار هو العصفور والذى جرى هو الحصان والذى لعب هو الولد.

فیکون العصفور هو الذی فعل الطیران، والحصان هو الذی فعل الجری، والولد هو الذی فعل اللعب، ولذلک یسمی کل واحد من هذه الاسماء الثلاثة فاعلا وکذا یقال فی بقیة الامثلة.

واذا نظرنا الی کل اسم فی الامثلة السابقة، وجدناه مسبوقا بفعل، ووجدنا آخره مرفوعا.

بحث:

مذکورہ بالا تمام کی تمام مثالیں جملے ہیں اور ان میں سے ہرایک جملہ ایک اسم اور ایک فعل سے بنا ہے اب اگر ہم پہلے تین جملوں پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوجائے گا کہ اڑنے والی چیز العصفور چڑیا ہے اور دوڑنے والی چیز الحصان گھوڑا ہے اور کھیلنے والا الولد لڑکا ہے اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ اڑنے کا کام چڑیا، دوڑنے کا کام گھوڑے نے اور کھیلنے کا کام لڑکے نے کیا اسی لئے ان تینوں اسموں میں سے ہرایک کوفاعل کہتے ہیں یہی حال باقی مثالوں کا بھی ہے۔

اب اگر ہم مذکورہ تمام مثالوں کے اسموں پرغور کریں تو ہرجگہ ہم فاعل سے پہلے فعل کو پائیں گے نیز یہ کہ فاعل کا آخری حرف مرفوع ہوگا۔

القاعدة:

(۷) **الفاعل: اسم مرفوع تقدمه فعل، ودل علی الذی فعل الفعل.**

ترجمہ:

(۷) فاعل وہ اسم ہے جس سے پہلے فعل آیا ہو اور کام کرنے والے پر دلالت کرے۔

التمرين (۱)

استخرج الفاعل من کل جملة من الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

نیچے دیئے گئے جملوں میں سے فاعل معلوم کیجئے:

۱-	صاح الدیک	۲-	وقف الثور
۳-	بکی الطفل	۴-	جاء الطبیب
۵-	لعب الاولاد	۶-	لدغ الثعبان
۷-	اشتغل العامل	۸-	زرع الفلاح

۹- حضر الغائب

حل:

الدیک	الثور	الطفل	الطبیب	الاولاد
الثعبان	العامل	الفلاح	الغائب	

التمرین (۲)

ضع الاسماء الاتیة فی جمل بحیث یکون کل واحد منها فاعلا:

حل مشق (۲)

نیچے دیئے گئے افعال کے ساتھ مناسب فاعل لگا کر جملہ بنادیجئے:

نبح	یضحک	یبکی	نطح
یشرب	عطس	سافر	یرکب

نبح الکلب	یضحک الخادم	یبکی الولد
نطح الثور	یشرب الرجل	عطس المریض
سافر المجاهد	یرکب المومن	

التمرین (۳)

ضع الاسماء الاتیة فی جمل بحیث یکون کل واحد منها فاعلا:

حل مشق (۳)

ان اسموں کو جملوں میں اس طرح رکھ دیجئے کہ ہرایک اسم کا فاعل بن جائے:

التلمیذ	الثعلب	الرجل	سفینة
النمل	نحلة	الخادم	الجند

حل:

حفظ التلمیذ الدرس	خرج الثعلب مع الاسد	شرب الرجل الشای
جاء ت سفینة من الحجاج	یجد النمل فی الصیف لادخار ما یاکله فی الشتاء	جمعت النحلة العسل
عصی الخادم سیده	یکرم الجندی بلاده	

التمرين (۴)

كون من الكمات الاتية جملا مولفة من فعل وفاعل ملائم له:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل کلمات کو اس طرح باہم ملایئے کہ جملے بن جائیں اور ہرایک جملے میں ایک فعل و فاعل آ جائے:

صهل	نطح	التلميذ	الجمل
التاجر	شكا	باع	برك
المريض	الخروف	الحصان	حفظ

حل:

صهل الحصان	نطح الخروف	حفظ التلميذ
برك الجمل	باع التاجر	شكا المريض

التمرين (۵)

كون ست جمل تشتمل كل واحدة منها على فاعل'ويكون الفعل مضارعا فى الثلاث الاولى وما ضيا فى الثلاث الثانية

حل مشق (۵)

چھ ایسے جملے بنایئے کہ ہرایک جملے میں فاعل موجود ہو نیز پہلے تین جملوں میں فعل مضارع اور دوسرے تین جملوں میں فعل ماضی ہو:

حل:

۱-	يضرب الاستاذ تلاميذه	۲-	يكرم التلميذ المعلم
۳-	يخاف المومن يوم يقوم الاشهاد	۴-	نصر المسلم المظلوم
۵-	حبس الشرطى اللص	٦-	اكلت البنت الفاكهة

التمرين (٦)

(۱) هات خمس جمل موضوعها الفلاح واجعل الفلاح فاعلا

(۲) هات خمس جمل موضوعها الفارة واجعل الفارة فاعلا

حل مشق (٦)

(۱) پانچ ایسے جملے بنائیے جن کا موضوع الفلاح (کسان) ہو اور ہرایک جملے میں الفلاح فاعل ہوکر آیا ہو۔

(۲) پانچ ایسے جملے بنائیے جن کا موضوع الفارۃ (چوہا) ہو اور سب میں الفارۃ فاعل واقع ہو۔

حل:

الفلاح

۱- یستیقظ الفلاح من النوم مبکرا
۲- یذهب الفلاح الی الحقول کل یوم
۳- یزرع الفلاح القمح
۴- یسقی الفلاح الزرع
۵- یرجع الفلاح الی داره مساء

الفارة

۱- تسکن الفارة فی بعض الغارات لبعض البیوت
۲- تلعب الفارة فی الغابة
۳- سمعت الفارة زئیرالاسد
۴- اخذت الفارة تقرض الحبال
۵- شکرت الفارة الاسد

المفعول به

مفعول بہ

	الامثله	ترجمہ
۱-	شدت التلمیذ الحبل	شاگرد نے رسہ باندھا
۲-	طوت البنت الثوب	لڑکی نے کپڑا لپیٹا
۳-	اکل الذئب الخروف	بھیڑیے نے مینڈھا کھایا
۴-	یربح السابق جائزة	اول آنے والا انعام حاصل کرتا ہے
۵-	یصید الثعلب دجاجة	لومڑی مرغی کو شکار کرتی ہے

٦- يبيع القصاب اللحم قصاب گوشت بیچتا ہے

البحث:

كل جملة من الجمل السابقة مركبة من فعل واحد ومن اسمين: الاسم الاول هو الذى سميناه فاعلا لان الفعل صدرعنه واذا بحثنا فى الامثلة الثلاثة الاولى راينا ان الاسم الثانى فى كل مثال وهو: الحبل' الثوب' الخروف' هو الذى وقع الفعل عليه فالفعل وهوالشد الذى حصل من التلميذ' وقع على الحبل' والطى الذى فعلته البنت وقع على الثوب' والا كل الذى صدر من الذئب وقع على الخروف' فالتلميذ' والبنت' والذئب كل واحد من هذه فاعل والحبل والثوب' والخروف كل واحد من هذه وقع عليه الفعل ويسمى مفعولا به وكذلك يقال فى بقية الامثلة واذا تاملنا اواخر الاسماء التى تدل على المفعول به وجدنا ها منصوبة.

بحث:

مذکورہ بالا تمام جملوں میں سے ہرایک جملہ ایک فعل اور دو اسموں سے مرکب ہے پہلا اسم وہ ہے جسے ہم فاعل کہتے ہیں کیونکہ اس سے فعل صادر ہوا ہے اور جب ہم پہلی تین مثالوں پر غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ہرایک جملہ میں دوسرا اسم جو کہ احبل' الثوب اور الخروف وہ ہے جس پر فعل واقع ہوا ہے پہلے جملہ میں شد (باندھا) فعل ہے جو التلمیذ کی طرف سے الحبل پر واقع ہوا ہے اسی طرح طوت (لپیٹا) ایک فعل ہے جو البنت کی طرف سے الثوب پر واقع ہوا ہے اور اکل (کھایا) ایک فعل ہے جو الذئب کی طرف سے الخروف پر واقع ہوا ہے اس لئے ان میں سے التلمیذ' البنت اور الذئب فاعل اور الحبل' الثوب اور الخروف مفعول بہ ہیں یہی حال باقی مثالوں کا بھی ہے اور جب ہم ان اسماء کے آخری حروف پر غور کرتے ہیں جومفعول بہ کہلاتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ ان میں سے ہرایک منصوب ہے۔

القاعدة:

(٨) المفعول به اسم منصوب وقع عليه فعل الفاعل.

ترجمہ:

(٨) مفعول بہ وہ منصوب اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔

التمرين (١)

استخرج المفعول به من الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

نیچے دیئے گئے جملوں میں سے مفعول بہ معلوم کیجئے:

۱-	مزق الغلام الورق	خادم نے کاغذ پھاڑا
۲-	حلبت الفتاة البقرة	لڑکی نے گائے دوہی
۳-	ایقظ الرعد النائم	کڑک نے سونے والے کو بیدار کردیا
۴-	اکل الحمار الفول	گدھے نے چارہ کھایا
۵-	صنع النجار کرسیا	بڑھئی نے کرسی بنائی
۶-	رمی الصیاد الشبکة	شکاری نے جال پھینکا
۷-	طبخت المراة الطعام	عورت نے کھانا پکایا
۸-	ابصر الرجل الهلال	آدمی نے ہلال دیکھا

حل:

الورق　البقرة　النائم　الفول　کرسیا
الشبکة　الطعام　الهلال

التمرین (۲)

- ضع الاسماء الاتیة فی جمل بحیث یکون کل واحد منها مفعولا به:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل اسموں کو جملوں میں اس طرح رکھئے کہ ان میں سے ہرایک مفعول بہ بن جائے:

الثعبان　النافذة　الحذاء　کتابا　الحدیقة
البلح　الفرس　الماء

حل:

رای الخادم الثعبان　فتح الولد النافذة　نظفت البنت الحذاء
قرات کتابا　سقی البستانی الحدیقة　جنی الخادم البلح
رکب احمد الفرس　شربت البنت الماء

التمرين (٣)

ضع مفعولا به مناسبا لكل جملة من الجمل الاتية:

حل مشق (٣)

ہر جملے میں مناسب مفعول بہ لگائیے:

١- اكل القط
٢- يزرع الفلاح
٣- يبنى البناء
٤- مزق الولد
٥- تخيط البنت
٦- كسر الهواء
٧- ينشر النجار
٨- يبيع البدال
٩- غسلت المراة

حل:

١- اكل القط الخبز
٢- يزرع الفلاح القمح
٣- يبنى البناء الغرفة
٤- مزق الولد الكتاب
٥- تخيط البنت القميص
٦- كسر الهواء الغصن
٧- ينشر النجار الخشب
٨- يبيع البدال العنب
٩- غسلت المراة شعرها

التمرين (٤)

ضع فاعلا و مفعولا به لكل فعل من الافعال الاتية:

حل مشق (٤)

مندرجہ ذیل فعلوں کیساتھ فاعل اور مفعول دونوں لگائیے:

قطع نظف اكل يحمل يغسل
احترم عاقب يحفظ

حل:

قطع البستانى الاشجار
نظف الولد اسنانه
اكل الخادم الرغيف
يحمل الجمل الاثقال
يغسل الاستاذ ثوبه
احترم الطفل المعلم

عاقب القاضی السارق   یحفظ التلمیذ الدرس

التمرین (۵)

اقرا الامثلة السابقة و بین عدد الکلمات فی کل مثال.

حل مشق (۵)

نیچے قوسین میں دو دو اسم لکھے گئے ہیں ان کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ایک فاعل بن جائے اور دوسرا مفعول بہ:

(الولد –الماء)	(الرسالة – الخادم)	(السفینة – الهواء)
(الغزال–الاسد)	(الهر–اللحم)	(التلمیذ–الدرس)

حل:

شرب الولد الماء	قراء الخادم الرسالة	اجری الهواء السفینة
افترس الاسد الغزال	اکل الهر اللحم	حفظ التلمیذ الدرس

التمرین (٦)

هات اربع جمل یکون المفعول به فی الاولی من الانسان، وفی الثانیة من الحیوان، وفی الثالثة من النبات، وفی الاخیرة من الجماد:

حل مشق (٦)

چار فعلیہ جملے اس طرح بنادیجئے کہ پہلے جملے میں مفعول بہ انسان ہو، دوسرے میں حیوان، تیسرے میں نبات اور چوتھے میں جماد ہو:

(۱) خلق اللّٰہ الانسان فی احسن تقویم

(۲) ضرب الرجل البقرة

(۳) یحصد الفلاح القمح

(۴) انزل اللّٰہ الحدید فیه باس شدید و منافع للناس

التمرین فی الانشاء (۷)

(۱) هات خمس جمل تکون کلمة القمح فی کل منها مفعولا به:

(۲) هات خمس جمل تکون کلمة القطن فی کل منها مفعولا به:

حل مشق (۷)

(۱) پانچ ایسے جملے بنایئے کہ القمح (گندم) کا کلمہ ہرایک میں مفعول بہ واقع ہو:

۱- زرع الفلاح القمح
۲- حصد الفلاح القمح
۳- جمع الفلاح القمح
۴- حمل الفلاح القمح الی السوق
۵- باع الفلاح القمح فی السوق

(۲) پانچ ایسے جملے بنایئے کہ القطن (کپاس) کا کلمہ ہرایک میں مفعول بہ واقع ہو:

۱- اشتری الفلاح القطن
۲- زرع الفلاح القطن
۳- سقی الفلاح القطن
۴- قطف الفلاح القطن
۵- باع الفلاح القطن فی السوق

الموازنة بین الفاعل و المفعول به

(فاعل اور مفعول بہ میں موازنہ)

الامثلة	ترجمہ
۱- یجر الحصان العجلة	گھوڑا گاڑی کھینچتا ہے
۲- قطف الغلام الزهرة	غلام نے پھول توڑا
۳- ربطت فاطمة الجدی	فاطمہ نے بکری کا بچہ باندھا
۴- یسقی الفلاح الزرع	کسان کھیت کو پانی دیتا ہے
۵- قذف اللاعب الکرة	کھلاڑی نے گیند پھینکا
۶- حبس الشرطی اللص	سپاہی نے چور کو قید کیا۔

النتائج:

عرفنا مما مضی، ونعرف من تامل الامثلة السابقة مایاتی:

(۱) ان کل فاعل و کل مفعول به اسم
(۲) ان الفاعل هو الذی صدر عنه الفعل
(۳) ان المفعول به هو الذی وقع علیه الفعل
(۴) ان الفاعل آخره مرفوع
(۵) ان المفعول آخره منصوب

نتائج:

گزشتہ بحث اور اوپر کی مثالوں سے ہمیں مندرجہ ذیل باتیں معلوم ہوچکی ہیں:

(۱) یہ کہ ہر فاعل اور ہر مفعول اسم ہوتا ہے۔
(۲) یہ کہ فاعل وہ ہے جس سے کوئی کام صادر ہوا ہو۔
(۳) یہ کہ مفعول بہ وہ ہے جس پر کوئی فعل واقع ہو۔
(۴) یہ کہ فاعل کا آخری حرف مرفوع ہوتا ہے۔
(۵) یہ کہ مفعول بہ کا آخری حرف منصوب ہوتا ہے۔

المبتدا و الخبر

(مبتداء وخبر)

	الامثلة	ترجمہ
۱-	التفاحة حلوة	سیب میٹھا ہے
۲-	الصورة جميلة	تصویر خوبصورت ہے
۳-	الجرى مفيد	دوڑ مفید ہے
۴-	القطار سريع	ریل گاڑی تیز ہے
۵-	النظافة واجبة	صفائی ضروری ہے
۶-	الارض مستديرة	زمین گول ہے

البحث:

الامثلة السابقة كلها جمل، وكل جملة منها مركبة من اسمين، والاسم الاول في كل جملة وهو الذى ابتدانا به الجملة فهو لذلک يسمى مبتداء واذا وضعنا اصبعنا على الاسم الثانى فى كل جملة فاخفيناه عن نظرنا وقرانا هكذا: التفاحة، الصورة، الجرى، فاننا نتحير، ونسال انفسنا ما شان التفاحة؟ وما شان الصورة؟ وما شان الجرى؟ ولكنا اذا رفعنا اصبعنا وقران هكذا: التفاحة حلوة، الصورة جميلة، الجرى مفيد، استفدنا فائدة تامة، والذى افادنا هو الاسم الثانى فى كل جملة هو الذى اخبرنا بحلاوة التفاحة، وجمال الصورة، وفادة الجرى ولذلک يسمى الاسم الثانى خبرا. واذا تاملنا آخر كل اسم من الاسمين فى كل جملة من الجمل السابقة وجدناه مرفوعا.

بحث:

مذکورہ بالا تمام کی تمام مثالیں جملے ہیں اور ان میں سے ہرایک جملہ دو اسموں سے مرکب ہے پہلا اسم وہ ہے جس سے ہم جملہ کی ابتداء کرتے ہیں اسی لئے اسے مبتداء کہا جاتا ہے اور اگر ہم ہر ایک جملہ کے دوسرے اسم پر انگلی رکھ کر اپنی نظروں سے چھپادیں اور عبارت کو یوں پڑھیں التفاحة (سیب) الصورة (تصویر) الجری (دوڑ) تو ہم حیران ہوجائیں گے اور اپنے آپ سے سوال کریں گے کہ سیب' تصویر اور دوڑ کا معاملہ کیا ہے لیکن جب ہم اپنی انگلی کو دوسرے اسم سے ہٹا کر عبارت کو یوں پڑھیں التفاحة حلوة (سیب میٹھا ہے) الصورة جمیلة (تصویر خوبصورت ہے) الجری مفید (دوڑ مفید ہے) تو جملے کا پورا مطلب ہماری سمجھ میں آجاتا ہے یہ فائدہ ہمیں جملہ کے دوسرے اسم کی وجہ سے ہوا ہے جس نے ہمیں سیب کے میٹھا ہونے' تصویر کے خوبصورت ہونے اور دوڑ کے مفید ہونے کی خبر دی ہے اسی وجہ سے اس دوسرے اسم کو خبر کہتے ہیں۔

اب اگر ہم مذکورہ بالا تمام جملوں کے دونوں اسموں پر غور کریں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ ان تمام اسموں کا آخری حرف مرفوع ہے۔

القواعد:

(۹) **المبتداء اسم مرفوع فی اول الجملة.**

(۱۰) **الخبر اسم مرفوع یکون مع المبتدا جملة مفیدة.**

ترجمہ:

(۹) مبتداء وہ اسم مرفوع ہے جو جملہ کی ابتداء میں آتا ہے۔

(۱۰) خبر وہ اسم مرفوع ہے جو مبتداء کے ساتھ مل کر جملہ پورا کرتا ہے۔

التمرين (۱)

استخرج کل مبتداء و کل خبر من الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے مبتداء اور خبر کو الگ الگ معلوم کیجئے:

۱-	الدواة مملوءة	۲-	المزاح مضر
۳-	المعلم حاضر	۴-	الهواء متجدد
۵-	التاجر امین	۶-	الفقیر محتاج

۷- الحذاء جديد ۸- الحديقة فسيحة

۹- الشجرة مثمرة

حل:

ان تمام جملوں کے پہلے اسم مبتداء اور دوسرے اسم خبر ہیں۔

التمرين (۲)

اجعل كل اسم من الاسماء الاتية مبتداء و اخبر عنه بخبر يناسبه:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل اسموں میں سے ہر اسم کو مبتداء قرار دے کر اس کے ساتھ مناسب خبر لگائیے:

الثوب	الدراجة	السرير	الكتاب
الغرفة	الزهرة	الكرسی	الحر

حل:

۱- الثوب نظيف ۲- الدراجة مفيدة

۳- السرير جميل ۴- الكتاب جديد

۵- الغرفة صغيرة ۶- الزهرة جميلة

۷- الكرسی مريح ۸- الحر شديد

التمرين (۳)

اجعل كل اسم من الاسماء الاتية خبرا المبتداء يناسبه:

حل مشق (۳)

مندرجہ ذیل اسموں میں سے ہر ایک اسم کو خبر قرار دے کر کسی مناسب مبتداء کے ساتھ جوڑ دیجئے:

طالع	صغير	ناعم	مذبوحة
عليل	باكية	فصيح	لامع

حل:

۱-	القمر طالع	۲-	الولد صغیر
۳-	الحریر ناعم	۴-	الشاة مذبوحة
۵-	الطفل علیل	۶-	الام باکیة
۷-	الخطیب فصیح	۸-	الکوکب لامع

التمرین (۴)

کون اربع جمل من الاسماء الاتیة بحَیث تضع کل مبتداء مع الخبر المناسب له:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل اسموں کو اس طرح ملایئے کہ چار جملے مبتداء وخبر پر مشتمل بن جائیں:

الحدید	المصباح	المطر	الحصان
غزیر	معدن	صاھل	منیر

حل:

۱-	الحدید معدن	۲-	المصباح منیر
۳-	المطر غزیر	۴-	الحصان صاھل
۵-	نزل المطر	۶-	عطش الزرع

التمرین (۵)

اجعل کل فاعل فی الجمل الاتیة مبتداء واخبر عنه باسم یوده معنی الفعل الذی فی جملته:

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل جملوں میں جتنے فاعل آئے ہیں ان کو مبتداء بنایئے اور ہر مبتداء کے لئے ایک ایسی خبر بنایئے جو مذکورہ فعل کے معنی ادا کرسکے:

۱-	یفترس النمر	۲-	یحضر المسافر
۳-	یسبح السمک	۴-	تنضج الفاکهة

۵- یشتد الحر ۶- یندم الکسلان

حل:

۱- النمر مفترس ۲- المسافر حاضر
۳- السمک سابح ۴- الفاکهة ناضجة
۵- الحر شدید ۶- الکسلان نادم

التمرین (۶)

کون خمس جمل کل جملة منها تتالف من مبتداء و خبر.

حل مشق (۶)

پانچ ایسے جملے بنایئے جو مبتداء اور خبر سے مرکب ہوں۔

۱- الارض مستدیرة ۲- الصورة جملیة
۳- الدؤاء نافع ۴- العلم نور
۵- الولد ذکی

التمرین فی الانشاء (۷)

(۱) کون خمس جمل فی وصف الماء بحیث یکون لفظ الماء فی کل منها مبتداء

(۲) کون خمس جمل فی وصف الدجاجة بحیث یکون لفظ الدجاجة فی کل منها مبتداء

انشاء پردازی کی مشق (۷)

(۱) الماء (پانی) کے متعلق پانچ ایسے جملے بنایئے جس میں الماء بطور مبتداء آئے۔

(۲) الدجاجة (مرغی) کے متعلق پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں الدجاجة بطور مبتداء آئے۔

حل (۱):

۱- الماء ینزل من السماء ۲- الماء یجری فی البحر
۳- الماء ینبت الاشجار باذن اللہ ۴- الماء یدفع العطش

۵- الماء ينفع الناس

حل (۲):

۱- الدجاجة يوكل لحمها ۲- الدجاجة تبيض

۳- الدجاجة تخاف من القط ۴- الدجاجة تاكل القمح

۵- الدجاجة تشرب الماء

الجملة الفعلية

جملہ فعلیہ

الامثلة	ترجمہ
۱- لمع البرق	بجلی چمکی
۲- عوى الذئب	بھیڑیا بھونکا
۳- يسقط الثلج	برف گرتی ہے
۴- يشتدالبرد	سردی خوب پڑتی ہے
۵- اقطف الوردة	تو گلاب کا پھول توڑ
۶- خذالكتاب	کتاب کو پکڑ

البحث:

نعرف مما تقدم ان كل مثال من الامثلة السابقة يسمى جملة مفيدة: لانه تركيب يفيد السامع فائدة تامة. واذا تاملنا هذه الجمل وجدنا كل واحدة منها مركبة من فعل وفاعل' ولان كل جملة من هذه الجمل مبدوء ة بفعل. تسمى جملة فعلية.

بحث:

گزشتہ مباحث سے ہم جان چکے ہیں کہ مذکورہ بالا تمام مثالیں الگ الگ جملے ہیں کیونکہ یہ ایسے مرکب ہیں جن سے سننے والے کو پورا مطلب سمجھ میں آ جاتا ہے۔

اب اگر ہم مذکورہ جملوں پر دوبارہ غور کریں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ ان میں سے ہرایک جملہ کسی فعل اور فاعل سے مل کر بنا ہے اور ہر جملہ کسی فعل سے شروع ہوتا ہے لہٰذا ہر وہ جملہ جو کسی فعل سے شروع ہو' جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔

القاعدة:

(۱۱) کل جملة تترکب من فعل و فاعل تسمی جملة فعیلة.

ترجمہ:

(۱۱) ہر وہ جملہ جوفعل اور فاعل سے بنا ہو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔

التمرین (۱)

کون جملا فعلیة بوضع فاعل للافعال الاتیة:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل افعال کیساتھ مناسب فاعل لگا کر جملہ فعلیہ بنایئے:

مال	غرد	انکسر	اثمر	ینتصر	یتمزق
یشکو	احترق	یصطف	ینطفی	تشرق	ضحک

حل:

۱- مال السارق الی الاعتراف

۲- غرد العصفور

۳- انکسر الکوب من الضرب

۴- التمر اثمر؟

۵- ینتصر الحق علی الباطل

۶- یتمزق الثوب

۷- یشکو المریض الالم

۸- احترق الزرع اذ لم یسق

۹- یصطف الطیر فی جو السماء

۱۰- ینطفی السراج حین ینتهی الزیت

۱۱- تشرق الدنیا بطلوع الشمس

۱۲- ضحک المجنون وحده من غیر سبب

التمرین (۲)

کون جملا فعلیة یجیء فیها کل اسم من الاسماء الاتیة فاعلا لفعل ماضی:

حل مشق (۲)

ایسے فعلیہ جملے بنایئے جن میں مندرجہ ذیل اسماء کسی فعل ماضی کے لئے فاعل بن جائیں:

الهلال	النجوم	المصباح	الظلام	الدیک	الاسد

الذئب الحمار

حل:

۱- طلع الهلال
۲- لمعت النجوم
۳- اتقد المصباح
۴- انتشر الظلام
۵- صاح الدیک
۶- زار الاسد
۷- عوی الذئب
۸- نهق الحمار

التمرین (۳)

کون جملا فعلیة یجیء فیها کل اسم من الاسماء الاتیة فاعلا لفعل مضارع:

حل مشق (۳)

ایسے فعلیہ جملے بنائیے جن میں مندرجہ ذیل اسماء کسی فعل مضارع کے لئے فاعل بن جائیں:

العصفور الحر المطر الوردة الثوب النار
اللص التاجر

حل:

۱- یشرب العصفور الماء
۲- یشتد الحر فی الصیف
۳- ینزل المطر فی الشتاء
۴- تنفتح الوردة فی البستان
۵- یستر الثوب عورة الانسان
۶- تاکل النار الحطب
۷- یسرق اللص اموال الناس فی اللیل
۸- یربح التاجر فی بیعه و شرائه

التمرین (۴)

کون جملا فعلیة یجیء فیها کل اسم من الاسماء الاتیة مفعولا به:

حل مشق (۴)

ایسے فعلیہ جملے بنائیے جن میں مندرجہ ذیل اسماء مفعول بہ بن جائیں:

الغنم المریض الخشب القمح القطن الباب

الشاة الکتاب

حل:

۱- اکل الاسد الغنم
۲- عاد الطبیب المریض
۳- حمل النجار الخشب
۴- حصد الفلاح القمح
۵- اقتطف الغلام القطن
۶- فتح الولد الباب
۷- ذبح الامیر الشاة
۸- قرا التلمیذ الکتاب

التمرین (۵)

ایت بثلاث جمل فعلیة فعلها ماض، وبثلاث اخری فعلها مضارع:

حل مشق (۵)

تین ایسے فعلیہ جملے بنائیں جن کا فعل، فعل ماضی اور تین ایسے جملے جن کا فعل، فعل مضارع ہو:

حل (۱):

۱- شرب الولد اللبن
۲- نصر زید حامدا
۳- اکلت البنت الخبز

حل (۲):

۱- یکرم التلمیذ الاستاذ
۲- یخشی البخیل الفقر
۳- یضرب القاضی السارق

التمرین (۶)

ھات خمس جمل فعلیة فی موضوع الکرة، وخمسا اخری فی موضوع الدراجة:

انشاء پردازی کی مشق حل (۶)

(۱) الکرة (گیند) کے موضوع پر پانچ فعلیہ جملے بنائیے۔
(۲) الدرجة (سائیکل) کے موضوع پر پانچ فعلیہ جملے بنائیے۔

حل (۱):

۱- اشترى الولد من السوق كرة
۲- رایت الاطفال يلعبون بالكرة
۳- اننی العب بالكرة فی فناء المدرسة مع اصدقائی
۴- نحن نلعب بالكرة الصغيرة فاحدنا يرميها الی ولد آخر
۵- وهو يرميها بدوره الی آخر و آخر وهكذا حتى تعود مرة اخرى الی الاول

حل (۲):

۱- هذه دراجتی وهی تعرف باسم سهراب
۲- لونا اسود وهی صنعت من حدید متین
۳- انا اذهب عليها الی المدرسة والی السوق
۴- الدراجة تقطع مسافة بعيدة فی وقت قليل
۵- هی ارخص وسائل السفر وتعرف بعربة الرجل العام

الجملة الاسمية

جملہ اسمیہ

الامثلة	ترجمہ
۱- الدار واسعة	گھر کشادہ ہے
۲- الجو معتدل	فضا معتدل ہے
۳- الغبار ثائر	غبار اڑا ہوا ہے
۴- الشارع مزدحم	سڑک پر بھیڑ لگی ہے
۵- الطريق ضيقة	راستہ تنگ ہے
۶- الفارة مختبئة	چوہا چھپا ہوا ہے۔

البحث:

الامثلة السابقة كلها جمل مفيدة، وكل واحدة منها مركبة من اسمين، اولهما مبتداء، والثانی خبر ولان كل جملة من هذه الجمل مبدوء ة باسم، تسمى جملة اسمية

بحث:

مذکورہ بالا تمام کی تمام مثالیں الگ الگ جملے ہیں ہر جملہ دو اسموں پر مشتمل ہے پہلے اسم کو مبتداء اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں چونکہ مذکورہ بالا ہر جملہ اسم سے شروع ہوتا ہے اس لئے ان جملوں کو اسمیہ جملے کہا جاتا ہے۔

القاعدة:

(۱۲) کل جملة تترکب من مبتداء و خبر تسمی جملة اسمية.

ترجمہ:

(۱۲) ہر وہ جملہ جو مبتداء اور خبر سے مرکب ہو جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔

التمرين (۱)

(۱) کون جملا اسمية بوضع اخبار للمتبدآت الاتية:

(۲) کون جملا اسمية بوضع مبتدآت للاخبار الاتية:

حل مشق (۱)

(۱) مندرجہ ذیل اسموں کو مبتداء قرار دے کر ان کے لئے مناسب خبر تجویز کیجئے تا کہ یہ اسمیہ جملے بن جائیں:

النخلة	المدرسة	الثوب	الحذاء
الجمل	الفيل	الثعبان	الخادم

حل (۱):

۱-	النخلة طويلة	۲-	المدرسة واسعة
۳-	الثوب نظيف	۴-	الحذاء جميل
۵-	الجمل قوی	۶-	الفيل صابر
۷-	الثعبان عظيم	۸-	الخادم عاقل

(۲) مندرجہ ذیل اسماء کو خبر قرار دے کر ان کے لئے مناسب مبتداء تلاش کیجئے تا کہ یہ اسمیہ جملے بن جائیں:

مشرقة	مظلمة	جاف	بارد

١- التفاح حلو ٢- الحق مر
٣- الارض مستديرة ٤- الولد جميل
٥- الاسد مفترس ٦- المنافق خائف
٧- الشمس مشرقة ٨- الليلة مظلمة
٩- الهواء جاف ١٠- الجو بارد

التمرين (٢)

كون من الكلمات الاتية جملا اسمية تتالف كل منها من مبتداء و خبر:

حل مشق (٢)

مندرجہ ذیل کلمات کو اس طرح ترتیب دیں کہ یہ مبتداء اور خبر پر مشتمل اسمیہ جملے بن جائیں:

الثوب	الميدان	مغلق	مشتعلة
ممزق	ذابلة	الزهرة	النار
محلوج	الباب	القطن	فسيح

حل:

١- الثوب ممزق ٢- الميدان فسيح
٣- الباب مغلق ٤- النار مشتعلة
٥- القطن محلوج ٦- الزهرة ذابلة

التمرين (٣)

كون ست جمل اسمية بحيث يكون المبتداء فى كل جملتين مرة من الانسان ومرة من الحيوان وثالثة من النبات:

حل مشق (٣)

چھ اسمیہ جملے اس طرح بنائیے کہ دو جملوں میں مبتداء انسان ہو دو جملوں میں حیوان اور دو جملوں میں نبات:

حل:

۱- الفلاح يحصد القمح	۲- الولد يقرء الكتاب
۳- الشاة تاكل شعيرا	۴- الكلب ينام فی البستان
۵- النخل مثمرة	۶- القطن محلوج

التمرين (۴)

اقرا الامثلة السابقة و بين عدد الكلمات فی كل مثال.

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعلیہ جملوں کو اسمیہ سے الگ کردیجئے اور ان میں فعل و فاعل یا مبتداء خبر کا تعین کردیجئے:

۱- الماء رائق	۲- يسقط الجدار
۳- البرد قارس	۴- يشتد الحرفی الصيف
۵- جنی الفلاح القطن	۶- يجول التاجر فی البلد
۷- يسرج الخادم الحصان	۸- الزجاج مكسور
۹- القط جائع	۱۰- النوافذ مفتحة
۱۱- تزدحم المدينة	۱۲- ينزل المطر من السماء

حل:

اسمیہ جملے: پہلا جملہ' تیسرا جملہ' آٹھواں جملہ' نواں جملہ اور دسواں جملہ ان تمام کا پہلا اسم مبتداء اور دوسرا خبر ہے۔

فعلیہ جملے: دوسرا جملہ' چوتھا جملہ' پانچواں جملہ' چھٹا جملہ' ساتواں جملہ' گیارہواں اور بارہواں جملہ یہ تمام جملے فعل سے شروع ہوتے ہیں ان میں فعل کے بعد آنے والا اسم فاعل ہے۔

التمرين (۵)

حول الجمل الاسمية الى جمل فعلية:

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل اسمیہ جملوں کو فعلیہ جملوں میں تبدیل کیجئے:

١-	الولد نائم	٢-	الكتاب نافع
٣-	البحر هائج	٤-	الشمس مشرقة
٥-	الحجرة مظلمة	٦-	المطر كثير

حل:

١-	نام الولد	٢-	ينفع الكتاب
٣-	هاج البحر	٤-	اشرقت الشمس
٥-	اظلمت الحجرة	٦-	كثر المطر

التمرين (٦)

حول الجمل الفعلية الاٰتية الى جمل اسمية:

حل مشق (٦)

مندرجہ ذیل جملوں کو اسمیہ جملوں میں تبدیل کیجئے:

١-	ضاع المفتاح	٢-	اسرع القطار
٣-	زاد النيل	٤-	يثمر البستان
٥-	يغرد الطائر	٦-	يضيء المصباح

حل:

١-	المفتاح ضائع	٢-	القطار سريع
٣-	النيل زائد	٤-	البستان مثمر
٥-	الطائر مغرد	٦-	المصباح مضيي

التمرين فى الانشاء (٧)

اجب عن الاسئلة الاٰتية بجمل تامة وبين نوع كل جملة تجيب بها:

حل انشاء پردازی مشق (٧)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مکمل جملوں کی صورت میں لکھ دیجئے نیز ہر جملہ کے متعلق بتائیے کہ وہ جملہ فعلیہ ہے یا اسمیہ؟

١-	ماشكل البرتقالة؟	٢-	مالونها؟

۳-	اناعمة هی ام خشنة؟	۴-	هل اکلت برتقالة؟
۵-	کیف وجدت طعمها؟	۶-	بکم تشتری البرتقاله؟

حل:

۱-	شکل البرتقالة فیما بین الکروی والبیضوی	جملہ اسمیہ
۲-	لونها اصفر فاقع	جملہ اسمیہ
۳-	هی ناعمة	جملہ اسمیہ
۴-	اکلت برتقالة	جملہ فعلیہ
۵-	وجدت طعمها حلوا حامضا	جملہ فعلیہ
۶-	نشتری البرتقالة کل عدد منها بروبیة باکستانیة	جملہ فعلیہ

نصب الفعل المضارع

(فعل مضارع کا نصب)

الامثلة	ترجمہ
۱- ارید ان احسن السباحة	میں چاہتا ہوں کہ اچھا تیراک بنوں
۲- ارجو ان یعتدل الجو	مجھے امید ہے کہ فضا معتدل ہوگی
۳- یسرنی ان تزورنا	مجھے خوشی ہوگی کہ آپ ہمارے پاس تشریف لائیں
۴- لن اکذب	میں ہرگز جھوٹ نہ بولوں گا
۵- لن یفوز الکسلان	ست ہرگز کامیاب نہ ہوگا
۶- لن اضرب القط	میں ہرگز بلے کو نہیں ماروں گا
۷- اذن تقیم عندنا تجیب بذلک من قال سازور مدینتکم	تب آپ ہمارے ہاں قیام کریں گے (یہ اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا جو یہ کہے کہ میں تمہارے شہر آؤں گا)
۸- اذن تربح تجارتک تجیب بذلک من قال ساکون امینا	تب تیری تجارت تجھے نفع دے گی۔ (یہ اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا جو یہ کہے کہ میں امانت دار رہوں گا)

۹ – اذن يفسد الهواء تجيب بذلك من قال ساغلق النوافذ	تب تو ہوا خراب ہوجائے گی۔ (یہ اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا جو یہ کہے کہ میں کھڑکیاں بند کردوں گا)
۱۰ – جئت کی اتعلم	میں آیا کہ تعلیم حاصل کروں
۱۱ – خرجت کی اتنزه	میں نکلا کہ سیر کروں
۱۲ – اتعلم کی اخدم الوطن	میں تعلیم حاصل کروں گا تاکہ وطن کی خدمت کرسکوں

البحث:

يشتمل كل مثال من الامثلة السابقة على فعل مضارع قبله احد الاحرف الاربعة: ان' لن' اذن' كى واذا تاملت آخر كل مضارع مسبوق بواحد من هذه الاحرف الاربعة فى هذه الامثلة وفى غيرها وجدته منصوبا ولكنك اذا حذفت هذا الحرف وجدت الفعل مرفوعا.

ومن ذلك يفهم ان هذه الاحرف تنصب الفعل المضارع الذى ياتى بعدها.

بحث:

مذکورہ بالا تمام مثالوں میں سے ہرایک میں فعل مضارع آیا ہے جس سے پہلے ان' لن کی اور اذن میں سے کوئی ایک حرف آیا ہے اب اگر آپ غور سے دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ مضارع کا آخری حرف منصوب ہوگیا ہے اور اگر ان حروف کو جملوں میں سے نکال دیا جائے تو یہی فعل مضارع پھر بدستور مرفوع ہوکر رہ جائے گا۔

اس سے یہ بات ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ یہ حروف جب فعل مضارع کی ابتداء میں آتے ہیں تو اسے نصب دے دیتے ہیں۔

القاعدة:

(۱۳) ينصب الفعل المضارع متى سبقه احد النواصب الاربعة هى: ان– لن– اذن– كى

ترجمہ:

(۱۳) جب فعل مضارع سے پہلے نواصب اربعہ میں سے کوئی ایک آ جائے تو فعل مضارع منصوب ہو جاتا ہے۔

نواصب اربع یہ ہیں: ان– لن– کی– اذن

التمرين (ا)

اقرا الجمل الاتية وعين الافعال المضارعة المنصوبة فيها واذكر السبب فى نصب كل فعل:

حل مشق (ا)

مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھئے اور ان میں جہاں جہاں فعل مضارع منصوب استعمال ہوا ہے اس کا تعین کیجئے نیز اس کے منصوب ہونے کے سبب کا بھی ذکر کیجئے۔

۱- **لن يبيع ابى حصانه**
۲- **هززت الشجرة كى يسقط ثمرها**
۳- **لايجورللانسان ان يجلس فى مجرى الهواء**
۴- **فتحت نوافذ الحجرة كى يتجدد هواوها**
۵- **كن مودبا كى تكون محبوبا**
۶- **يشتغل الانسان بالنهار وينام بالليل**
۷- **يجب عليك ان تنظف اسنانك كل يوم**
۸- **اذن يصح بدنك (تجيب بذلك من قال: ساعتاد التبكير الى النوم)**
۹- **اذن يضعف بصره (تجيب بذلك من قال: يقرا سعيد فى الضوء الضعيف)**
۱۰- **يتعب الانسان فى صغره كى يستريح فى كبره**

حل:

